القرآن

ہمارے لیے اللہ ہی کافی ہے اور وہی سب سے بڑا مددگار ہے۔

★ لاہور راولپنڈی/اسلام آباد کراچی پشاور اور ملتان سے شائع ہونے والا موثر ترین قومی اخبار 03026765467

ABC Certified

چیف ایڈیٹر: محمد اسامہ ساجد

روزنامہ نیا پاکستان لاہور

THE DAILY NAYA PAKISTAN LAHORE

ایڈیٹر: محمد عیسیٰ عابد

جلد نمبر 36	ہفتہ 06 دسمبر 2025ء 14 جمادی الثانی 1447ھ	شمارہ نمبر 272

وفاقی محتسب کے فیصلوں پر فوری عملدرآمد ضروری قرار

سید فضل رضا رضوی نے 40 لاکھ روپے سے زائد ریلیف فراہم کیا

بہاولپور (ملک ناظم ڈاونج ڈسٹرکٹ بیورو چیف روزنامہ نیا پاکستان لاہور) وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد میں تاخیر ہرگز نہ کریں۔ سید فضل رضا رضوی وفاقی محتسب کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر سید فضل رضا رضوی کی شاندار کارکردگی 40 لاکھ روپے سے زائد کا ریلیف مہیا کیا۔ تفصیلات کے مطابق۔ 05.12.05 بروز جمعہ کو وفاقی محتسب ریجنل آفس بہاولپور کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر سید فضل رضا رضوی نے اپنے دفتر میں عملدرآمد کے زیر التوا کیسز کی سماعت کی جس میں ایکسیئن میپکو احمد پور شرقیہ، بہاولپور سٹی، ماڈل ٹاؤن، نادرا، ریلوے اور سوئی گیس، اور ایف آئی اے کے مقدمات شامل تھے، تقریباً 40 چالیس لاکھ سے زائد کا ریلیف مہیا کیا اور وفاقی اداروں کے آفیسران کو تنبیہ کی کہ عوام کے مسائل کا ازالہ کریں، لاپرواہی کرنے والے آفیسران اور عملہ کے خلاف قانونی کاروائی کرنے کے اختیارات موجود ہیں، شکایت کنندگان سے ٹیلی فون پر بات کر کے ان کو ریلیف کے بارے میں آگاہ کیا جس پر سائلین نے خوشی کا اظہار کیا اور سید فضل رضا رضوی اور وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کا شکریہ ادا کیا جنکی کوشش سے انکے عرصہ دراز سے دیرینہ مسائل حل ہو گئے۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر نے اس بات کا اعادہ کیا کہ عوام کو چاہیے کہ بلاخوف وخطر وفاقی محکموں کیخلاف شکایات درج کرائیں ہم فوری اور میرٹ پر انصاف فراہم کرنے کی بھرپور کوشش کر رہے ہیں۔ ہر کیس کا فیصلہ 60 دن کے مختصر عرصے میں بغیر فیس اور وکیل کے کر دیا جاتا ہے اور اس سنگین اور پریشان کن دور میں رشوت اور سفارش کے بغیر وفاقی محتسب کے تعاون سے سائلین کو انصاف مل جاتا ہے، شکایت کنندگان نے اس بات کو سراہا کہ وفاقی محتسب واقعی مسیحا ثابت ہوا ہے۔